# از دفتر سی اینڈ ڈبلیو بلڈنگ ڈویژن مانسہرہ

## اشتہار/نوٹس برائے نیلامی

ڈپٹی کمشنر مانسہرہ کی آفس بی بلاک کی عمارت کے جملہ سامان (بلڈنگ میٹریل) کی نیلامی جیسا ہے جہاں ہے کی بنیاد پر حسب ذیل شیڈول کے تحت کی جائے گی، تمام خواہشمند حضرات/فرمز مقررہ تاریخ پر دفتر ہذا میں حاضر ہو کر بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

| نمبر شمار | عمارت کا نام | تخمینہ اشیاء نیلامی | زرضمانت | نیلامی کی تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| ۱۔ | ڈپٹی کمشنر آفس مانسہرہ (آفس بلاک بی) | 1,141,000/- | 22,820/- | 04/03/2025<br>بوقت 12:00 بجے |

## شرائط نیلامی درج ذیل ہیں:

(۱) بولی دہندہ گان بولی کی درخواست کی دستاویزات اور ہدایات کسی بھی دفتری اوقات میں دفتر سے حاصل کی سکتی ہیں یا آخری تاریخ/وقت سے پہلے سی اینڈ ڈبلیو کی ویب سائٹ (www.cwd.gkp.pk) اور KPPRA کی ویب سائٹ (www.kppra.gov.pk) سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں۔

(۲) نیلامی میں حصہ لینے والے افراد/فرمز نیلامی کی عمارت جیسا ہے جہاں ہے کی بنیاد پر کا معائنہ C&W Buidling Division Mansehra کے جاری کردہ Estimate کے مطابق تعمیراتی سائیٹ پر بولی سے قبل کر سکتے ہیں۔ (جسکی تفصیل دفتر ہذا میں موجود ہے)۔ بعدازاں اس بابت کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔

(۳) بولی دہندہ گان زرضمانت کال ڈیپازٹ بمعہ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی بنام ایگزیکٹو انجینئر سی اینڈ ڈبلیو بلڈنگ ڈویژن مانسہرہ مورخہ 04/03/2025 دن 12:00 بجے تک پہنچ جانی چاہیے۔ مقررہ تاریخ گزرنے کے بعد کال ڈیپازٹ وصول نہیں کی جائے گی۔ نیز نقد زرضمانت کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگی۔ کال ڈیپازٹ کسی بھی شیڈول بینک سے جاری ہونا چاہیے۔

(۴) نیلامی صرف آفس بلاک بی کی عمارت کے میٹریل اور جملہ سامان کی ہوگی۔

(۵) کامیاب بولی دہندہ/دہندہ گان کو کل رقم کا (25فیصد) بذریعہ کیش/کال ڈیپازٹ موقع پر ادا کرنا لازمی ہوگا جس میں زرضمانت کی رقم شامل نہیں ہوگی اور کامیاب بولی دہندہ/دہندہ گان ٹھیکیدار/فرمز بقایا رقم (75فیصد) مجاز افسر کی حتمی منظوری کے بعد دو دن کے اندر ادا کرنے کا پابند ہوگا/ہونگے۔

(۶) کامیاب بولی دہندہ/دہندہ گان طے شدہ قیمت پر قانون وضوابط کے مطابق مجوزہ انکم ٹیکس و سیلز ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا/ہونگے۔

(۷) کامیاب بولی دہندہ/دہندہ گان مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد پندرہ (۱۵) یوم کے اندر اندر نیلام شدہ میٹریل/مسمار شدہ بلڈنگ کا جملہ میٹریل سامان اٹھانے اور مذکورہ جگہ صاف کرنے کا پابند ہوگا/ہونگے اور جملہ اخراجات خود برداشت کرے گا/کریں گے۔ ناکامی کی صورت میں کال ڈیپازٹ جمع شدہ بحق سرکار ضبط کیا جائے گا جبکہ ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ بھی کیا جا سکتا ہے۔

(۸) کامیاب بولی دہندہ/دہندہ گان مندرجہ بالا شرائط کی روشنی میں موقع پر ایک تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا/ہونگے۔

(۹) اگر کسی وجہ سے کاروائی نیلامی مقررہ تاریخ پر نہ ہو سکی تو اشتہار ہذا کی بنیاد پر آکشن کمیٹی کو حق حاصل ہوگا کہ آئندہ کوئی تاریخ مقرر کر کے نیلامی کرے۔ جس کے لیے دوبارہ اشتہار شائع نہیں کیا جائے گا۔

(۱۰) نیلامی مقررہ تاریخ پر پرانے ڈپٹی کمشنر مانسہرہ کے آفس کی حدود میں ڈپٹی کمشنر کی تشکیل کردہ کمیٹی اور بولی دہندہ گان کی موجودگی میں ہوگی۔

(۱۱) بولی میں حصہ لینے والے خواہشمند افراد/فرمز کے لیے لازم ہوگا کہ وہ کاروائی نیلامی سے قبل اپنا سیل ٹیکس و رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ معہ ٹیکس ریٹرن مالی سال 2024-25 دفتر ہذا میں پیش کرنے کے پابند ہونگے۔


**المشتہر**

**ایگزیکٹیو انجینئر**

سی اینڈ ڈبلیو بلڈنگ ڈویژن مانسہرہ

فون نمبر:۔ 0997-920190


CamScanner